© rasailojaraid.com



# تبصرہ کتب

نام کتاب...... تعلیم الاسلام (کامل چہار حصص)، تألیف...... حضرت مولانا مفتی کفایت اللہ صاحب، قیمت...... 50 روپے، ناشر...... مکتبہ اصلاح وتبلیغ ٹاور مارکیٹ حیدرآباد،

دین اسلام فطرت سلیمہ کا تقاضا ہے جس میں عقائد کو اساسی حیثیت ہے اس کے بعد عبادات میں نماز کو دین کا ستون قرار دیا گیا ہے۔ نماز کی ادائیگی کے لئے طہارت شرط ہے۔ نماز کے بعد روزہ اور پھر زکوٰۃ ہے۔ حج ہر کسی پر نہیں اور جس پر ہے عمر میں صرف ایک بار ہے۔ گویا اس میں تکرار نہیں مگر نماز روزہ اور زکوٰۃ میں تو تکرار ہے جس کا علم ہر مسلمان کے لئے ضروری ہے۔ اللہ پاک جزائے خیر عطاء فرمائیں حضرت مولانا مفتی کفایت اللہؒ صاحب کو کہ انہوں نے عام مسلمانوں کی اس دینی ضرورت کو بہت بہتر طریقہ سے پورا کیا ہے۔ عقائد اسلام، طہارت، نماز، روزہ اور زکوٰۃ کے احکام کو سوال وجواب کی طرز پر چار حصوں میں "تعلیم الاسلام" کے نام سے تحریر کیا جس سے ایک ناخواندہ مرد وعورت بآسانی استفادہ اور اس پر عمل کر کے اپنے ایمان واسلام کی حفاظت کر سکتا ہے۔ اللہ پاک نے اس کتاب کو بھی بہشتی زیور کی طرح شرف قبولیت نصیب فرمایا ہے اور امت کے لئے مفید بنایا ہے ہمارے خیال میں یہ کتاب علماء کرام کے لئے بھی مفید ہے۔ بہت آسانی سے ان کو بڑے بڑے مسائل کا اس کے مطالعہ سے استحضار ہو سکتا ہے۔

زیر تبصرہ ایڈیشن مکتبہ اصلاح وتبلیغ حیدرآباد کا شائع کردہ ہے۔ کتاب کی ابتداء میں حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحبؒ کی مرتب کردہ "چہل حدیث" اور آخر میں حضرت مولانا عاشق الٰہی صاحب کی مرتب کردہ چالیس مسنون دعاؤں کے اضافہ نے کتاب کی افادیت مزید بڑھادی ہے۔ اُمید ہے کہ قدردانی کی جائے گی۔

نام کتاب: عملی نورانی قاعدہ، حصہ اوّل: ۱۰۸، حصہ دوم ۹۴، بیت العلم ٹرسٹ کراچی کے احباب نے بچوں کی عملی وفکری تربیت اور آسانی کے لئے مختلف سلسلے شروع کئے ہیں، زیر نظر "عملی نورانی قاعدہ" بھی انہی کاوشوں کا ایک حصہ ہے، اس کو بچوں کی تعلیم قرآن میں آسانی پیدا کرنے کے لئے مرتب کیا گیا ہے، اس میں ہر سبق کے ساتھ لکھنے کے لئے عملی مشقیں بھی دی گئی ہیں، جس سے سبق یاد بھی ہوجاتا ہے اور تحریر کی مشق بھی، اس کی اشاعت کا اہتمام مکتبہ دارالھدیٰ اردو بازار کراچی نے کیا ہے۔

☆☆☆



© rasailojaraid.com